پیش رفت

سالانہ رپورٹ شعبہ خط و کتابت کورسز

(۲۰۰۳ء۔۲۰۰۲ء)

مرتب: انوار الحق چوہدری☆

دعوت رجوع الی القرآن

ڈاکٹر اسرار احمد صاحب صدرِ مؤسس انجمن خدام القرآن اور بانی تنظیم اسلامی کی دعوت ''رجوع الی القرآن'' کی متعدد جہتیں (facets) ہیں۔ عوام کے لئے ڈاکٹر صاحب کے دروسِ قرآن اور خطباتِ جمعہ' قرآن کالج میں نوجوان طلبہ کے لئے یونیورسٹی کورسز یعنی ایف۔ اے' بی۔ اے کے ساتھ ساتھ دینی تعلیم یعنی عربی گرامر' قرآن اور حدیث کی تعلیم' عمر رسیدہ اور serving احباب کے لئے عربی گرامر اور قرآن کی تعلیم حاصل کرنے کے لئے ایک سالہ رجوع الی القرآن کورس' تجوید سیکھنے کے لئے سپیشل کلاسز۔

تحریک رجوع الی القرآن کا ایک اہم سنگ میل۔ دورۂ ترجمۂ قرآن

۱۹۸۴ء سے ہر سال ماہِ رمضان میں جامع القرآن قرآن اکیڈمی لاہور میں دورۂ ترجمۂ قرآن کا اہتمام کیا جاتا ہے جس میں ہزاروں خواتین و حضرات مستفید ہوتے ہیں۔ قرآن اکیڈمی کے علاوہ لاہور میں دیگر بہت سے مقامات پر اور لاہور کے علاوہ سارے پاکستان میں مختلف شہروں میں دورۂ ترجمۂ قرآن کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ ۰۳۔۲۰۰۲ء میں ماہِ رمضان میں سارے پاکستان میں تیس سے زائد مقامات پر دورۂ ترجمۂ قرآن کا اہتمام کیا گیا۔

اس کے علاوہ محترم ڈاکٹر صاحب کے لاکھوں کی تعداد میں آڈیو اور ویڈیو کیسٹس

☆ ناظم شعبہ خط و کتابت کورسز

تمام دنیا میں پھیل چکے ہیں جن کے ذریعہ سے قرآن مجید کی تعلیمات کو نوعِ انسانی کے لئے عام کیا گیا ہے۔

شعبہ خط و کتابت کورسز

ان سب کے علاوہ ایسے طلبہ وطالبات‘ خواتین وحضرات کے لئے‘ جو ملک سے یا لاہور سے باہر ہیں یا جن کے لئے کسی وجہ سے قرآن کالج رقرآن اکیڈمی لاہور میں حاضری ممکن نہیں‘ خط و کتابت کورسز ترتیب دیئے گئے ہیں‘ تاکہ سب گھر بیٹھے بٹھائے سہولت کے ساتھ اپنے فارغ وقت میں عربی گرامر اور قرآن کی تعلیم حاصل کرسکیں اور درج ذیل کورسز سے استفادہ کرسکیں:

i) قرآنِ حکیم کی فکری وعملی راہنمائی کورس

ii) ابتدائی عربی گرامر (حصہ اوّل) کورس

iii) ابتدائی عربی گرامر (حصہ دوم) کورس

iv) ابتدائی عربی گرامر (حصہ سوم) کورس

v) ترجمۂ قرآن کریم کورس

پہلے کورس کا آغاز جنوری ۱۹۸۸ء میں کیا گیا۔ اس کورس کا مقصد خواتین و حضرات اور طلبہ وطالبات کو قرآن حکیم کے مربوط مطالعے کے ذریعے دین کے جامع اور ہمہ گیر تصور سے متعارف کرانا ہے۔ بفضل باری تعالیٰ یہ کورس خوب زور وشور سے جاری ہے۔ اس کورس میں حصہ لینے والوں کی تعداد ۳۵۳۸ تک پہنچ چکی ہے۔ بیرونِ ملک اس کورس کا اجراء سعودی عرب میں جدہ‘ مکہ مکرمہ‘ مدینہ منورہ‘ ریاض‘ داہران اور الواسیع میں ہو چکا ہے۔ اس کے علاوہ ابوظہبی‘ دبئی‘ شارجہ‘ راس الخیمہ‘ انگلینڈ‘ فرانس‘ کینیڈا اور امریکہ میں بھی اس کورس کا اجراء ہو چکا ہے۔

ان کورسز کو متعارف کرانے کے لئے اقدام

۲۰۰۳-۲۰۰۲ء کے دوران ان دونوں کورسز کو بڑے پیمانہ پر متعارف کرانے

کے لئے مندرجہ ذیل اقدام کیئے گئے ہیں:

۱) انجمن خدام القرآن اور تنظیم اسلامی کے اپنے ماہانہ جرائد ''حکمت قرآن'' اور ''میثاق'' میں وقفہ وقفہ سے ان کورسز کے اشتہارات شائع کرائے گئے۔

۲) ان کورسز کو پبلک میں متعارف کرانے کے لئے روزنامہ ''جنگ'' میں سال میں دو دفعہ اشتہارات دیئے گئے۔

۳) ماہنامہ ''کوثر'' میں بھی ان کورسز کے بارے میں اشتہارات شائع کرائے گئے۔

۴) ناظم شعبہ خط و کتابت کورسز نے اپنے احباب اور ہم خیال دوستوں کو ان کورسز سے متعارف کرانے کے لئے ذاتی خطوط بھی تحریر کیئے۔

۵) لاہور کی بڑی بڑی لائبریریوں کے انچارج حضرات کو ان کورسز کے بارے میں خطوط لکھے گئے۔ ان سے استدعا کی گئی کہ ان کورسز کے اشتہارات اپنی لائبریریوں کے نوٹس بورڈ پر آویزاں کریں۔ انہیں اشتہارات' کورسز کے پراسپکٹس اور داخلہ فارمز بھی بھجوائے گئے۔

۶) ماڈل ٹاؤن کی مسجدوں میں ماہِ رمضان میں شعبہ خط و کتابت کورسز کے اشتہارات نوٹس بورڈوں پر آویزاں کیئے گئے تا کہ پبلک اور طلبہ ان کورسز سے متعارف ہو کر مستفید ہو سکیں۔

۷) ماہِ رمضان کے آخری عشرہ میں جامع القرآن قرآن اکیڈمی لاہور میں بعد نمازِ عصر معتکفین حضرات کو ایک لیکچر کے ذریعہ ناظم شعبہ خط و کتابت کورسز نے شعبہ کے کورسز کے بارے میں معلومات بہم پہنچائیں۔ کورسز کے پراسپکٹس اور داخلہ فارم بھی تقسیم کیئے گئے۔

۸) ماہِ رمضان میں جامع القرآن قرآن اکیڈمی لاہور میں کورسز کے پراسپکٹس اور داخلہ فارمز رکھے گئے تا کہ نمازی حضرات ان کا مطالعہ کر کے ان سے مستفید ہو سکیں۔

۹) ۳۰ مئی ۲۰۰۳ء کو قرآن اکیڈمی میں ناظم شعبہ نے ایک سالہ کورس کے طلبہ اور طالبات کو شعبہ خط و کتابت کورسز کے بارے میں ایک لیکچر دیا اور معلومات بہم پہنچائیں۔ پراسپکٹس اور داخلہ فارمز بھی تقسیم کیئے گئے۔

۱۰) قرآن کالج میں ۸ جون ۲۰۰۳ء کو تیس روزہ دینی معلومات تربیتی کورس کے طلبہ کو ایک لیکچر کے ذریعہ شعبہ کے کورسز سے متعارف کرایا گیا۔ پراسپکٹس اور داخلہ فارمز بھی تقسیم کئے گئے۔

۱۱) پنجاب یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات' ہاسٹلز اور جامع مسجد میں نوٹس بورڈوں پر شعبہ خط وکتابت کورسز کے اشتہارات طلبہ وطالبات کی اطلاع کے لئے چسپاں کئے گئے۔

موازنہ

		جولائی ۲۰۰۱ء تا جون ۲۰۰۲ء	جولائی ۲۰۰۲ء تا جون ۲۰۰۳ء
۱)	قرآن حکیم کی فکری وعملی راہنمائی کورس:		
	ا) دورانِ سال داخلہ لینے والوں کی تعداد	۶۷	۶۷
	ب) دورانِ سال کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد	۱۴	۱۲
۲)	عربی گرامر کورس (حصہ اول):		
	ا) دورانِ سال داخلہ لینے والوں کی تعداد	۱۲۱	۱۲۸
	ب) دورانِ سال کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد	۳۲	۱۷
۳)	عربی گرامر کورس (حصہ دوم):		
	ا) دورانِ سال داخلہ لینے والوں کی تعداد	۲۰	۱۹
	ب) دورانِ سال کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد	۱۷	۱۲
۴)	عربی گرامر کورس (حصہ سوم):		
	ا) دورانِ سال داخلہ لینے والوں کی تعداد	۱۶	۰۸
	ب) دورانِ سال کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد	۰۷	۰۶
۵)	ترجمۂ قرآن کریم کورس:		
	ا) دورانِ سال داخلہ لینے والوں کی تعداد	۱۵۳	۱۵۰
	ب) دورانِ سال کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد	۲۱	۱۸